© rasailojaraid.com



شرعی، دینی اور اخلاقی ضرورت و اہمیت پر دل چسپ انداز میں روشنی ڈالی ہے۔ مولانا عبدالمالک صاحب کے بقول انھوں نے جملہ مباحث کو بہترین انداز میں جمع کیا ہے۔ آیات و احادیث، آثار صحابہ و تابعین، حکایاتِ اولیا اور بزرگانِ دین سب یکجا ہیں۔]

☆ ماہ نامہ نونہال (خاص نمبر)، مدیر اعلیٰ: مسعود احمد برکاتی۔ ناشر: ہمدرد سنٹر، کراچی۔ صفحات: ۸۴۔ قیمت: ۲۰ روپے۔ [بچوں کا معروف رسالہ ہمدرد نونہال ۵۰ سال سے چھپ رہا ہے۔ نومبر میں ہر سال خاص نمبر شائع ہوتا ہے۔ یہ شمارہ بھی معمول سے زیادہ ضخیم ہے۔ ہر طرح کی دل چسپ نگارشات نظم و نثر شامل ہیں۔ علامہ اقبال پر بھی کچھ مضامین موجود ہیں۔]

☆ کاروانِ حرم، ابوالامتیاز ع س مسلم۔ ناشر: مقبول اکیڈمی، لاہور۔ صفحات: ۳۳۴۔ قیمت: ۲۰۰ روپے۔ [مثمن (ہر بند آٹھ مصرعوں کا) شکل میں ایک طویل نظم۔ سفرحجاز کے جذبات و احساسات۔ ایک خوب صورت اور عمدہ حمدیہ اور نعتیہ مثنوی۔ تقریباً ہر مصرعے یا شعر کے پس منظر یا حوالے کی قرآنی آیات یا احادیث سے وضاحت کی گئی ہے۔ شاعر کے پختہ فکروفن کی تخلیق۔ کہیں کہیں علامہ اقبال کا رنگ جھلکتا ہے۔]

☆ ملتان کا عصری ادب، اسد فیضی۔ ناشر: ہم عصر پبلی کیشنز، ۶۵ سی شاہ رکن عالم ہاؤسنگ سکیم، ملتان۔ صفحات: ۱۴۴۔ قیمت: ۱۵۰ روپے۔ [ملتان کے اردو شعروادب پر چند مضامین، افسانے، شاعری اور اُردو ادب کے اساتذہ سے مصاحبے، ان سے اس علاقے کی ادبی پیش رفت کا اندازہ ہوتا ہے۔]

☆ تجہیز و تکفین کا سنت طریقہ، عبدالرحمٰن بن عبداللہ الغیث۔ ترجمہ: حافظ مقصود احمد۔ ناشر: مکتبہ دعوت التوحید، پوسٹ بکس ۱۲۴، اسلام آباد۔ صفحات: ۹۲۔ قیمت: درج نہیں۔ [سنت کے مطابق میت کے غسل، کفن، نماز جنازہ، قبر کی تیاری اور تدفین کا تفصیلی شرعی طریقہ کار مع تصاویر، تعزیت اور عدت کے مسائل وغیرہ۔ ابتدا میں موت کا تذکرہ قرآن و حدیث میں، موت کی علامات وغیرہ۔ طباعت اعلیٰ درجے کے آرٹ پیپر پر۔]

---

اس رسالے میں اشتہار دینے والے اداروں یا افراد سے معاملات کی کوئی ذمہ داری ماہنامہ ترجمان القرآن کی انتظامیہ کی نہیں ہے۔ (ادارہ)

© rasailojaraid.com